سوال

(253) مجبوری میں ناپاک کپڑوں میں نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہوائی سفر کے دوران میں بچے سے ماں کے کپڑے پلید ہوگئے، اور اس جگہ کپڑے تبدیل کرنا ناممکن ہے کیونکہ دوسرے کپڑے جو جہاز میں سامان کے حصے میں ہیں، تو کیا اسے انہی نجس کپڑوں میں نماز پڑھ لینی چاہیئے؟ یا پھر وہ انتظار کرے حتیٰ کہ جہاز زمین پر اترے، اور یہ اپنے کپڑے تبدیل کرے تب نماز پڑھے؟ اور اس وقت تک نماز کا وقت نکل چکا ہوگا۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت حال میں ماں کو چاہیئے کہ نماز کے وقت میں اپنی نماز پڑھے خواہ اس کے کپڑے پلید ہی ہوں، کیونکہ اس وقت یہ مجبور اور معذور ہے۔ یہاں کپڑے دھونا یا تبدیل کرنا اس کے لیے ناممکن ہے۔ اور پھر اسے یہ نماز دوبارہ دہرانے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ اللہ عزوجل کا فرمان ہے:

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا استَطَعتُم ١٦ ... سورة التغابن

''اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو، جس قدر تمہیں ہمت اور طاقت ہو۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 233

محدث فتویٰ